پریس ریلیز

نوجوان ڈاکٹروں کی صلاحیتوں کونکھارنے کیلئے میڈیکل سمپوزیم اہمیت کے حامل ہیں :پروفیسر الفرید ظفر

میڈیکل ایجوکیشن کانفرنس سے طلبا و طالبات کی تربیت میں خاطر خواہ بہتری آئے گی

معالجین زیادہ پیشہ وارانہ مہارت کے ساتھ مریضوں کی خدمت کرسکیں گے : پرنسپل جنرل ہسپتال

طب کے شعبے میں تحقیق اور جدید علوم جاری رہنے والا مسلسل عمل ہے :مقررین کا خطاب

پی جی ایم آئی کے زیر اہتمام سائنٹفک سمپوزیم کا اختتامی سیشن ،سینئر پروفیسرز کی شرکت

لاہور کیم مارچ:...... پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج ولاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا کہ میڈیکل کے شعبے میں نوجوان ڈاکٹروں کی صلاحیتوں کونکھارنے کے لئے تحقیق اور پیش رفت سے آگاہی انتہائی ضروری ہے جس کے لئے سائنٹفک سمپوزیم اہمیت کے حامل ہیں اس سے عالمی سطح پر ہونے والی ریسرچ سے اپنے ملک میں بہرہ مند ہونے کے ساتھ ڈاکٹرز کے علاوہ دیگر طبی عملے کو بھی خاطر خواہ فائدہ پہنچتا ہے ۔ پی جی ایم آئی کے سمپوزیم اور میڈیکل ایجوکیشن کانفرنس سے پاکستانی بالخصوص نوجوان ڈاکٹروں کی میڈیکل تربیت میں خاطر خواہ بہتری آئے گی اور وہ زیادہ پیشہ وارانہ مہارت کے ساتھ مریضوں کی خدمت کرسکیں گے ۔وہ پی جی ایم آئی کے زیر اہتمام ہونے والے سائنٹفک سمپوزیم ومیڈیکل کانفرنس کے اختتامی سیشن سے خطاب کرر ہے تھے ۔

اس موقع پر وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل،چیئر پرسن ہیلتھ کیئر کمیشن پروفیسر عطیہ مبارک، ایگزیکٹوڈائریکٹر پی آئی این ایس پروفیسر خالد محمود، چیف ایگزیکٹو پی آئی سی پروفیسر ثاقب شفیع اورانسٹی ٹیوٹ کے سابق پرنسپلز پروفیسر انجم حبیب وہرہ ،پروفیسر طارق صلاح الدین ،ایم ایس ڈاکٹر محمود صلاح الدین سمیت سینئر اساتذہ، پروفیسرز، ڈاکٹرزاورمیڈیکل سٹوڈنٹس کی بڑی تعداد موجود تھی ۔اختتامی سیشن کے چیف آرگنائزر پروفیسر آغا شبیر علی نے بتایا کہ اس سائنٹفک سمپوزیم میں 30ورکشاپس اور 50ریسرچ پیپرز کے علاوہ سٹیٹ آف دی آرٹ لیکچرز ہوئے جس سے میڈیکل سٹوڈنٹس کی بڑی تعداد مستفید ہوئی ۔

وی سی کے ای یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، پروفیسر عطیہ مبارک، پروفیسر انجم حبیب وہرہ اور پروفیسر خالد محمود ودیگر اساتذہ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ میڈیکل کے شعبے میں طبی تعلیم وتحقیق اور جدید علوم مسلسل جاری رہنے والا عمل ہے، ڈاکٹر کومریض سے اپنے تعلق کومضبوط بنانے کے لئے اُس کی زیادہ سے زیادہ پیشہ وارانہ مدد کرنی ہوتی ہے ۔انہوں نے معالجین پر زور دیا کہ وہ مریضوں کے علاج کے عمل کو عبادت سمجھ کرادا کریں اور بالخصوص نوجوان ڈاکٹر طب کے میدان میں اپنی خدمات کے علاوہ طبی اخلاقیات پر خصوصی توجہ دیں ۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے مریضوں سے بھی اپیل کی کہ وہ صبر وتحمل کے ساتھ ڈاکٹروں سے تعاون اور مثبت ماحول کوفروغ دیں ۔ پروفیسر طارق صلاح الدین نے سائنٹفک سمپوزیم کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے ادارے سے فارغ التحصیل افراد دنیا بھر میں پاکستان کی نمائندگی کرر ہے ہیں اوراس چھت تلے طبی تعلیم کے ساتھ ساتھ تحقیق اور اُس کے فروغ کے لئے خصوصی توجہ دی جارہی ہے ۔میڈیکل طلبہ و طالبات نے سمپوزیم میں گہری دلچسپی کا اظہار کیااور بڑے پیانے پر طبی مسائل اوران کے جدید حل کے حوالے سے سینئر پروفیسرز نے لیکچرز دیئے ۔

☆☆☆☆

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر میڈیکل ایجوکیشن کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں